**19-07-2026**

**Time: 09:25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی**

**ایل جی**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اَپنی نصابی کتابوں کے علاوہ ہر ماہ کم از کم ایک کتاب ضرور پڑھیں جبکہ نوجوان قلم کاروں سے اپیل کی کہ وہ روزانہ کم از کم ایک صفحہ لکھنے کی عادت ڈالیں۔**

**سرینگر میں ’چنار بُک فیسٹول ‘ کے تیسرے ایڈیشن کے افتتاحی تقریب سے SKICC وہ خطاب کر رہے تھے۔اس موقعہ پر انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ بک فیسٹول نوجوانوں کو روزانہ مطالعہ کرنے، معدوم ہوتی زبانوں کے تحفظ اور ادب کے ذریعے تنوع کی قدر و منزلت کو فروغ دینے کی ترغیب دے گا۔ایل جی نے کہا کہ کتابیں انسان کو گہرائی سے سوچنے، سوال پوچھنے ، اَپنے نظریات کا جائزہ لینے اور مسلسل آگے بڑھنے کی تحریک دیتی ہیں۔**

**vo…………**

**واضح رہے چنار بُک فیسٹول26جولائی تک جاری رہے گا۔**

**ایل جی ملاقات**

**سماجی انصاف وایمپاورمنٹ کے مرکزی وزیر مملکت رام داس اٹھاولے نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا ۔**

**ادھر جمونو کشمیر اَدر بیکورڈ کلاسز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے ایک وفدنے ضلع صدر معراج الدین شیخ کی قیادت مینلیفٹنٹنٹ گورنر سے ملاقات کی۔ وفدنے صفائی عملے کی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف مسائل ایل جی موصوف کی نوٹس میں لائے۔**

**رائز اپ یوتھ**
**فاو**

---

نڈیشن کے چیئرمین انوش شہناز خان نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کر کے نوجوانوںاور ۂ عوامی بہبود سے متعلق معاملات اجاگر کئے۔

پارلیمنٹ

مرکزی حکومت نے کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل آج سبھی سیاسی جماعتوں کے فلور لیڈرس کی میٹنگ طلب کی ہے۔

میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقے پر چلانے کیلئے سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کرے گی۔

واضح رہے کہ پارلیمنٹ کایہ مون سون اجلاس13اگست کو اختتام کو پہنچے گا۔اجلاس کے دوران بحث اور منظوری کیلئے متعدد بل پیش کئے جائیں گے۔

یاترا معطل

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر آج دونوں روایتی راستوں باتل اور پہلگام سے عارضی طور پرمعطل رہے گی۔ صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ یاترا کے راستے پر ممکنہ خراب موسمی صورتحال کے تناظر میں یاتریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے احتیاطی اقدام کے طور پر لیا گیاہے۔

یاتریونسے کہا گیا ہے کہ وہ جموں، اودھمپور اور رام بن میں اپنے مقررہ قیام گاہوں پر ہی رہیں اور حکام کی جانب سے مزید ہدایات کا انتظار کریں۔

واضح رہے سنیچر کی شام تک پونے4لاکھ کے قریب یاتریوں نے پوتر گپھاپر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

ادھرشری ماتا ویشنو دیوی یاترا بھی حکام نے خراب موسم کے باعث آج عارضی طورپر معطل کی ہے۔

تعطیلات

حکومت نے جمونو کشمیر مینجاری گرمائی تعطیلات میں مزید3روز کی توسیع کی ہے۔ یہ تعلیمی ادارے اب22جولائی تک بند رہیں گے۔

اس حوالے سے وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ تعطیلات میں اضافہ ممکنہ ناموافق موسمی صورتحال کے پیش نظر کیا گیاہے۔

**ستیش شرما**

**امور نوجوان اورکھیل کود کے وزیرستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں، خاص کر خواتین کے کھیلوں مینبھر پور شرکت یقینی بنانے کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے اور کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔**

**وہ کل جموں میں کرگل وجے دیوس تقریبات کے سلسلے میں خواتین موٹر سائیکل سواروں کی ایک ریلی Ride with Pride 3.0 کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے موقعہ پر اظہار خیال کررہے تھے۔**

**صوبائی کمشنر**

**صوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یومِ آزادی کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریونکا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرونـاورآئی جی پی کشمیرکے علاوہ سبھی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔**

**میٹنگ میں تقریبات کے بہتر انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی، بین محکمہ جاتی تال میل پر زور دیاگیا۔ڈویژنل کمشنر نے مرکزی تقریب کے انعقاد کیلئے مختلف محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کیں۔**

**اس موقعے پرڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے اضلاع مینیوم آزادی کی تقریبات کے احسن انعقاد کے لئے مرطوط اور جامع انتظامات کریں۔**

**ادھراننت ناگ ، شوپیاں ،بانڈی پورہ کے ضلع ترقیاتی کمشنروں نے بھی یوم آزادی تقریبات کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کی غرض سے اعلیٰ سطحی میٹنگو ں کی صدارت کر کے تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔**

**موسم**

**سرینگرشہر سمیت وادی کے بیشتر علاقوں میںآج صبح سے بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے جس کی بدولت گزشتہ کئی روزکی شدید گرمی سے لوگوں کوراحت ملی ہے۔**

**ادھر محکمہ موسمیات نے 23جولائی تک وادی میں درمیانہ درجے سے بھاری بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔اس سلسلے میں ایک ایڈوائزر بھی جاری کی گئی ہے جس میں کہا گیاہے کہ**

بعض بالائی علاقوں میں تیز بارشوں کے ساتھ ساتھ بادل پھٹنے، سیلابی ریلے اور ندی نالوں میں طغیانی آنے کا احتمال ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 3 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ